PRESS INFORMATION DEPARTMENT
PRESS CLIPPINGS

GOVERNMENT OF PAKISTAN
REGIONAL INFORMAITION OFFICE,
PRESS INFORMAION DEPARTMENT,
PESHAWAR.

Date: 27-04-2024 **Publication: Daily** Riyasat **Peshawar**

فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا وفاقی محتسب کی اولین ترجیح ہے، عمران خان

انصاف آپ کی دہلیز پر کے تحت عوام الناس کی وفاقی اداروں کیخلاف دائر کی گئی شکایات کی سماعت کی گئی، سینئر انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ

وزیرستان (نمائندہ ریاست) فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا اولین نصب العین ہے، عمران خان سینئر انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس ڈی آئی خان کا کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا کا دورہ۔ پروگرام انصاف آپ کی دہلیز پر کے تحت عوام الناس کی وفاقی اداروں کے خلاف دائر کی گئی 207 شکایات کی سماعت کی گئی۔ اور موقع پر ہی ریلیف فراہم کیا۔ وفاقی محتسب کے سینئر انویسٹی گیشن آفیسر کا کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا کا دورہ تین دن رہا جس میں مختلف وفاقی اداروں کے خلاف 207 شکایات نمٹا دی۔ غربت کی چکی میں پسے غریب سائلین نے شکایتوں کے انبار لگائے سینئر انویسٹی گیشن آفیسر نے ہنگامی بنیادوں پر حل کرنے کا عزم کیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت کی روشنی میں وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کے سینئر انویسٹی گیشن آفیسر عمران خان نے کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا وزیرستان کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سینئر انویسٹی گیشن آفیسر عمران خان کا کہنا تھا کہ سائلین کی دادرسی کرنا اور کیس کو بروقت اور قلیل مدت میں نمٹانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس ضمن میں وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی اور وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان نگ مرجان خان محسود کی واضح ہدایات ہیں کہ سائلین کی جائز شکایات کے ازالہ کو فی الفور ممکن بنایا جائے جس کی پیروی کرتے ہوئے وانا آفس کا تمام سٹاف پوری دل جمعی سے اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہا ہے۔

سینئر انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ عمران خان ریجنل آفس ڈی آئی خان کا کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا کا دورہ کررہے ہیں

CamScanner

راولپنڈی، اسلام آباد، مظفر آباد، لاہور اور پشاور میں سب سے زیادہ پڑھا جانے والا منفرد اخبار

Web:www.aikawaz.com,E-mail:dailyaikawaz@gmail.com

ABC Certified

کرپشن اور ناانصافی کے خلاف

Daily: Aik Awaz

روزنامہ ایک آواز راولپنڈی

Fax:051-4456660

03005258335

ایڈیٹر: سید ضیاء گیلانی

جلد:10 ہفتہ 27 اپریل 2024، 17 شوال المکرم 1445ھ صفحات 08 قیمت 20 روپے شمارہ: 90

وفاقی محتسب عوامی نمائندہ وفاقی محتسب کے حکم پر کوئٹہ کے رہائشی درخواست گزار خاتون کو میرج گرانٹ کے 1 ایک لاکھ روپے کا چیک دلوا دیا گیا

(بیورو چیف بلوچستان نذیر احمد قادری) وفاقی محتسب ریجنل افس کوئٹہ میں کوئٹہ کی رہائشی درخواست گزار خاتون نے درخواست دائر کی تھی کہ ان کی بیٹی کی شادی تھی جس کے لئے انہوں نے میرج گرانٹ کے لئے متعلقہ محکمے کو درخواست دی تھی درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ انہوں نے اس سلسلے میں کئی بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا اور دفتر کے چکر بھی لگائے مگر انکی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالاخر مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کی خاطر وفاقی محتسب کے ادارے میں درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی ریجنل افس کوئٹہ کے عملے نے انکوائری کا اغاز کیا اور متعلقہ محکمے کے عملے کو طلب کر کے جواب مانگا۔ متعلقہ محکمہ جواز پیش کرنے میں ناکام رہا چنانچہ وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ فوری طور پر درخواست گزار کی میرج گرانٹ کی رقم جو 1 ایک لاکھ بنتی ہے انہیں ادا کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کی 1 ایک لاکھ کی رقم ان کو ادا کر دی درخواست گزار نے وفاقی محتسب کے اس احسن اقدام پہ شکریہ ادا کیا